5229 ـ طالبہ کا اپنی استانی کوھدیہ دینا

سوال

بعض طالبات اپنی استانی کوتہواروں کے موقع پرکچھ تحائف دیتی ہیں ان طالبات میں کچھ تواس استانی سے پڑھ رہی ہیں اورکچھ نہیں پڑھتیں لیکن احتمال ہے کہ وہ آنے والے برسوں میں اس استانی سے پڑھائي کریں گی ، اورکچھ کی پڑھائي کا احتمال ہی نہیں یعنی وہ فارغ ہوچکی ہیں ، توان حالات میں ھدیہ قبول کرنے کا کیاحکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

تیسری حالت میں توکوئي حرج نہیں ، لیکن اس کے علاوہ دوسرے حالات میں جائز نہیں ، اگرچہ وہ تحائف ولادت وغیرہ کے موقع پر بھی دیے جائیں ، اس لیے کہ یہ ھدیہ استانی کا دل شاگرد مائل کرنے کا باعث بنے گا۔

واللہ اعلم .